INTERMEDIATE - FIRST YEAR
MODERN LANGUAGE URDU: PART - III
Model Paper - Urdu - I - 2021

Time: 3 HOURS **MARKS: 100**

I. ذیل میں دیئے گئے اقتباسات میں سے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے۔ 4 x 5 = 20

1. وہ ایک اعلیٰ درجہ کا سپاہی، ایک دوراندیش منتظم ملکی اور ایک بڑا سردار تھا۔
2. نواب میر عثمان علی خاں نے اردو شعرا اور نثر نگاروں کی سرپرستی اور قدر افزائی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔
3. ریوتی نے اسے اچھے اچھے کپڑے پہنائے نظر بد سے بچانے کے لئے، ماتھے اور گالوں پر کاجل کے ٹیکے لگا دیئے۔
4. دوستوں کے آڑے وقت کام آنے کو وہ ایک عبادت سمجھتے ہیں اور اس عبادت میں خلل اسی وقت پڑتا ہے جب ان کی جیب خالی ہو۔
5. جو ادیب صرف لکھتے ہی اس لیے ہیں کہ ایوارڈ حاصل کرسکیں ان کے لیے میری ایک لاکھ روپے کی ایوارڈ اسکیم منسوخ۔
6. میری ان کی بیس برس کی جان پہچان ہے۔ گڑیوں کے میلے والی بات یاد ہے نا؟
7. ''اضطراب کا کام خراب ہوتا ہے، ناحق حجاب ہوتا ہے۔''
8. خود بادشاہِ وقت (میر محبوب علی خاں) کو نظم و نثر پر یکساں قدرت حاصل تھی۔
9. اس کا طویل تیس سالہ عہد حکومت دکن کی ملی جُلی کلچر کی ایک درخشاں مثال ہے۔
10. وہ ایک اعلیٰ درجہ کا سپاہی، ایک دوراندیش منتظم ملکی اور ایک بڑا سردار تھا۔

II. ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 20 = 20

1. افسانہ ''بے غرض محسن'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔
2. عہد عثمانی میں اردو ادب کا اجمالی جائزہ لیجئے۔
3. ماہ طلعت توتے سے کیوں ناراض ہوئی؟

III. ذیل میں سے کسی چار اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4 x 5 = 20

1. سب اختیار میرا تُج ہات ہے پیارا
جس حال سُوں رکھے گا ، ہے او خوشی ہمارا

2. یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

3. نہ چھیڑ اے نکہت ِ بادِ بہاری راہ الگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بے زار بیٹھے ہیں

4. زمانہ ہوا غرقِ طوفاں امیؔر
ابھی روئی یہ چشمِ پُرنم کہاں

5. جب بھی دیکھی ابواکلام کی نثر
نظمِ حسرؔت میں کچھ مزا نہ رہا

6. کام آساں ہوتو دشوار بنا لیتا ہوں
راہ چلتا ہوں تو دیوار بنا لیتا ہوں

7. یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

8. بھلا گردشِ فلک چین دیتی ہے کسے انشآء
غنیمت ہے جو ہم صورت یہاں دوچار بیٹھے ہیں

9. مسند گل منزلِ شبنم ہوئی
دیکھ رتبہ دیدۂ بیدار کا

10. فصلِ گُل بھی ہے ' شبِ مہتاب بھی
سب سہی لیکن سکونِ دل کہاں

IV. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 20 = 20

1. اقبال کی نظم ''ایک نوجوان کے نام'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔
2. خطیب کی نظم ''اٹھائیس تاریخ'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔
3. مخدوم نے اپنی نظم میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے۔
4. نظم ''پیسہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

V. (الف) نصاب میں شامل امجؔد حیدرآبادی کی کسی ایک رباعی کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 10 = 10

یا

حسرت موہانی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

یا

شاذ تمکنت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(ب) ''انشائیہ'' کسے کہتے ہیں؟ مختصراً لکھیے۔ 1 x 10 = 10

یا

''خاکہ نگاری'' پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

یا

ماہِ طلعت توتے سے کیوں ناراض تھی؟